کے الیموں کے اوراق کی سیر بھی۔ ہر صفحے پر ڈیزائنر نے کئی کئی رنگ جمع کر دیئے ہیں۔ بچے کی دلچسپی کی اشیاء کے ڈیزائن بھی --- بار بار بے اختیار واہ واہ کہنے کو جی چاہتا ہے۔

صحیح راستے پر اس پہلے "سبز قدم" کے بعد ہم امید کرتے ہیں کہ اور بھی ارباب ذوق اقدام کریں گے۔ معیار مطلوب یہ ہے کہ کسی بھی عمر کا بچہ جس بھی موضوع پر جس بھی ٹیسٹ کی کوئی چیز ڈھونڈنا چاہے (یا اس کے سرپرست) تو انتخاب بلکہ ترجیح کا ہاتھ صرف پاکیزہ اور تعمیر پسندانہ لٹریچر ہی کی طرف بڑھے۔

بغیر کسی ناقدانہ تجزیہ کے، بربنائے مسرت ہم نے محض یہ تعارفی سطور لکھ دی ہیں۔ مصنف، ناشر، قارئین، خصوصاً بچوں کو بہت بہت مبارک ہو!

واضح رہے کہ یہ "حصہ اول" ہے، حصہ دوم بھی آسکتا ہے اور اس سے آگے بھی!

ترجمان الحدیث --- سیرت نمبر | مدیر اعلیٰ: مولانا احسان الٰہی ظہیر مرحوم۔
مقام اشاعت: ۵ لوئر مال۔ لاہور قیمت فی پرچہ -/۳ روپے۔ سالانہ -/۲۵ روپے

علامہ احسان الٰہی ظہیر اور ان کے ساتھیوں پر سے جو موج خون گزری ہے، اس کی وجہ سے خاص طور سے میں نے "ترجمان الحدیث" کے "سیرت نمبر" کا مطالعہ کیا۔ اب بہت ہی مجمل الفاظ میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اپنے اداریے میں سیرت کے بارے میں علامہ صاحب نے بڑی عالمانہ حیثیت سے چند باتیں بیان کی ہیں۔ بقیہ مقالات جو مختلف اہل قلم حضرات کی طرف سے شامل ہیں، بہت مفید اور صحیح معلومات پر مشتمل ہیں۔ ان میں جا بجا ضروری حوالے بھی آگئے ہیں۔

حوا کی بیٹی | مؤلف: نصیر احمد خلیلی۔ ناشر حسن البناء اکیڈمی۔ گلی نمبر ۸۔ علامہ اقبال کالونی۔ ڈھوک کھبانہ راولپنڈی۔ طبقہ نسواں کی مغرب زدگی پر اظہار خیال۔